بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فهرس الموضوعات والعناوين

للبحوث العلمية

(تحقیقی مقالات)

لعام ۱۴۴۳ھ/2022ء

لطلاب الدرجة النهائية والباحثين

لنيل شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية

(ایم اے عربی واسلامیات)

تحت إشراف

تنظیم المدارس أهل السنة باکستان

نتیجہ از ممتحن گرامی

عنوان مقالہ:______________________ عنوان نمبر:______________

نام امیدوار:______________________ عالمیہ سال اول کا رول نمبر:______________

مقالہ چیک کرنے کے لیے نمبروں کی تقسیم اور مختصر ملاحظات:

نمبر شمار	مقالہ کے حصے	مقررہ نمبر	حاصل کردہ نمبر	نمبر کم ہونے کی وجہ
01	فہرست عنوانات	05		
02	**مقدمہ** مندرجہ ذیل امور کا احاطہ ضروری ہے: (موضوع کا تعارف، اہمیت موضوع، سابقہ کام کا جائزہ، تحقیق کے بنیادی سوالات و اہداف)	15		
03	**صُلبِ موضوع** (سوالات و اہداف کے مطابق موضوع پر تحقیق)	50		
04	حواشی وذیل حوالہ جات اور توضیحی نوٹس	10		
05	موضوع کی بحث پر مبنی نتائج / خلاصۂ بحث	05		
06	موضوع پر مزید کام کرنے کی تجاویز	05		
07	**مقالہ میں وارد آیات واحادیث کی فہرست** (آخر میں لگائیں)	05		
08	فہرست مصادر و مراجع	05		
09	میزان	100		

مقالہ کے بارے میں ممتحن کے عمومی تاثرات:______________________________

____

____

نام ممتحن:______________

دستخط ممتحن:______________

تاریخ:______________

نوٹ: 1۔ نتیجہ از ممتحن، مندرجہ بالا پُر فارمہ کا پی کر کے امیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

2۔ مقالہ بغیر کمپوزنگ کے قابل قبول نہ ہوگا، کمپوزنگ کے متعلق ہدایات صفحہ نمبر 15 پر ملاحظہ کریں۔

فهرس الموضوعات والعناوين لطلاب الدرجة النهائية والباحثين لنيل شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية (ایم اے عربی واسلامیات) تحت إشراف تنظيم المدارس أهل السنة باكستان عام ۱۴۴۳ھ (2022ء)

تفسير القرآن الكريم وما يتعلق به

الرقم	العنوان	نموذج المنهج والأهداف
1	سورہ البقرۃ کے مضامین کا تقابلی جائزہ تفسیر ضیاء القرآن (پیر کرم شاہ رحمہ اللہ) اور تفہیم القرآن (مودودی) کی روشنی میں	علم تفسیر، ہر دو مفسرین اور ان کی تفاسیر کا جامع تعارف، سورۃ البقرہ کے مضامین اور تفاسیر کی روشنی میں تقابلی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
2	"تفسیر جلالین کی روشنی میں عقائدِ اہل سنت" انحرافی پہلو کا تنقیدی جائزہ	تفسیر جلالین اور مصنفین کا تعارف، جلالین کا منہج واسلوب، سفر معراج النبی ﷺ میں رؤیتِ باری تعالیٰ علمِ غیب، شفاعت، مغیباتِ خمسہ کا علم ودیگر اعتقادی مسائل کا تنقیدی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
3	آیاتِ احکام کی فقہی تفسیر، تفسیر جلالین کی روشنی میں خصوصی مطالعہ	تفسیر جلالین اور مصنفین کا تعارف، جلالین کا منہج واسلوب، آیاتِ احکام کی فقہی تفسیر میں اقوالِ ائمہ اور مسائلِ فقہیہ مع دلائل، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
4	تفسیر نور القرآن اور نجوم الفرقان کی روشنی میں معاشیات سے متعلقہ آیات کا تحقیقی مطالعہ۔	تعارفِ مفسرین، تفاسیر کا عمومی منہج واسلوب، آیاتِ معیشت کی تفسیر کا تحقیقی وتقابلی مطالعہ۔ اسلام کے نظامِ معاشیات کی خصوصیات اور دیگر مذاہب کے نظام سے تقابلی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
5	تجویدی قرآن کریم میں درپیش مسائل، تحقیقی وتنقیدی مطالعہ	علمِ تجوید کی اہمیت وضرورت، تجویدی قرآن کریم کی ناظرہ خواں کے لیے افادیت، مختلف مطابع سے شائع کردہ نسخہ جات کی علامات میں یکسانیت، رسم الخط میں تفاوت، اُصولِ تجوید سے مطابقت، سطر بندی اور اصطلاحات کے مسائل، نظامِ طباعت کی بہتری کی تجاویز وسفارشات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
	عبد اللطیف مرزائی بہاولپوری کی تفاسیر کا تنقیدی وتجزیاتی مطالعہ	تعارف، قادیانیوں کے تفسیر قرآن کے حوالے سے کام کا جائزہ اور قادیانی تفسیری منہج، قادیانی تفاسیر میں تحریفات کی تفصیل، ان تفاسیر کے پڑھنے کا شرعی حکم، مصادر ومراجع کی فنی حیثیت (تفسیر سورۃ بنی اسرائیل، الکہف، یٰسین، الدھر) خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
6	تفسیر نعیمی اور جدید اُردو تفاسیر کا تحقیقی وتقابلی مطالعہ	علمِ تفسیر کا تعارف اور اہمیت، مفسر کا تعارف، منہج واسلوب، اُردو تفاسیر میں مقام، خصوصیات، موجودہ دور کی اُردو تفاسیر کے ساتھ تقابلی مطالعہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
7	ضیاء النبی ﷺ کے مآخذِ سیرت اصولِ تحقیق وتنقید کی روشنی میں خصوصی مطالعہ	مصنف کا تعارف وعلمی مرتبہ، اُردو سیرت نگاری میں ضیاء النبی کا مقام، ضیاء النبی کے مآخذ کی تعداد واجمالی تعارف، استنادی حیثیت، ادبیاتِ سیرت میں ان کا مقام، مصنفِ ضیاء النبی کا طرزِ استدلال، مختلف فیہ مسائل میں اسلوبِ بیان، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث

تفصیل	عنوان	نمبر
مصنف کا تعارف، تبیان القرآن کا عصری تفاسیر میں مقام، تصوف کے عمومی مباحث، صوفیاءِ کرام کے ذکر کی جہات، کتبِ تصوف سے استشہاد کے طرق، متصوفین پر نقد کی جہات وغیرہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مباحثِ تصوف: تفسیر تبیان القرآن کی روشنی میں تحقیقی وتنقیدی مطالعہ	8
قرآن مجید ایک معجزہ، علم الاعداد کے لحاظ سے اعجازالقرآن، خصوصاً سورۂ رحمان اور دیگر سورتوں میں ایک ہی آیت کے تکرار کی حکمتیں، سورۂ کوثر اور عددی اعجاز، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	قرآن مجید کا عددی اعجاز: وجوہ اعجاز کی روشنی میں خصوصی مطالعہ	9
تفسیر کا معنی مفہوم، ضرورت واہمیت، پنجابی تفاسیر کی ضرورت، پنجابی تراجم وتفاسیر کا تعارف، افادیت وخصوصیات، چند تفسیری نمونہ جات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	قرآن مجید کی پنجابی تفاسیر وتراجم کا خصوصی مطالعہ	10
تفسیر اور صاحب تفسیر کا تعارف، تفسیر کا اسلوب و منہج، مقصودی جز سے صوفیانہ پہلو پر شواہد پیش کرکے مباحث تصوف اور اصطلاحاتِ تصوف کا بیان، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مباحثِ تصوف: تفسیر روح البیان کی روشنی میں تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ	11
تعارفِ مفسر وتفسیر، تفسیر کا منہج واسلوب اور خصوصیات، مفسر کا صوفیانہ انداز، مباحثِ تصوف کے تفسیری نمونہ جات، مآخذ ومراجع اور ان کی استنادی حیثیت ودیگر، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مباحثِ تصوف: تفسیر نورالقرآن (علامہ ابوالنصر رحمہ اللہ) کی روشنی میں خصوصی مطالعہ	12
حصولِ ہدایت کے شرائط، تلاوت، سماعت اور مطالعہ کے آداب، ترجمہ قرآن کی اہمیت، افادیت وضرورت، تدبّر قرآن وفہمِ قرآن کے اخلاقی اور لسانی اصول، تعلم قرآن کی شعوری کوشش، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	قرآن کریم سے استفادہ، شرائط وآداب اصولِ تفسیر کی روشنی میں خصوصی مطالعہ	13
ترغیب کی لغوی، اصطلاحی تحقیق، موضوع کی اہمیت، ترغیب دے کر کام کرانے کے فوائد وثمرات، قرآن کریم میں موجود-عقائد حقہ: توحید ورسالت اور عبادات، معاملات اور محاسن اخلاق وغیرہ، اپنانے کی ترغیب کے اسالیب کا طائرانہ جائزہ آیاتِ قرآنیہ سے شواہد، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	ترغیب کے قرآنی اسالیب، موضوعاتی مطالعہ	14
ترھیب کی لغوی واصطلاحی تحقیق، اصلاحِ معاشرہ کے لیے ترھیب کی ضرورت واہمیت، مختلف جرائم سے روکنے کے لیے قرآن حکیم میں استعمال کیے گئے ترھیب کے اسالیب ومناہج، آیاتِ قرآنیہ سے شواہد خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	ترھیب کے قرآنی اسالیب، موضوعاتی مطالعہ	15
قرآن کا لغوی واصطلاحی معنی، نزولِ قرآن،، تدوین قرآن، عظمتِ قرآن، اُسلوبِ خطاب، مکی ومدنی سورتوں کی تقسیم، قرآنِ کریم کے اسالیبِ اعجاز، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	قرآن کریم کے اسالیبِ اعجاز کا تحقیقی مطالعہ	16
دعا کے لغوی واصطلاحی معانی، اسلامی تعلیمات میں دعا کی اہمیت، دعائیہ آیات کی تفسیر، قرآنی دعاؤں کی سیاق وسباق سے مناسبت اور مقتضائے حال سے مطابقت ودیگر بلاغی پہلو، خلاصۃ البحث، نتائج البحث	قرآنی دعاؤں کا بلاغی پہلو، تحقیقی وبلاغی مطالعہ	17
فن قراءات کی تعریف وتاریخ، "سبعہ احرف" پر مختلف اقوال کا جائزہ، علم قراءات اور قراءِ کرام، قراءاتِ قرانیہ میں اختلاف کی حکمتیں اور فوائد، قراءات کے اختلاف اور منکرین حدیث، قراءاتِ شاذہ اور ملحدین کے مغالطے، قراءاتِ قرانیہ پر مستشرقین کے اعتراضات اور انکے جوابات۔	قرآن کریم میں قراءات کا اختلاف اور مستشرقین کے اعتراضات (تحقیقی مطالعہ)	18
تربیت کا معنی ومفہوم، قرآنی تربیت کی جہتیں، مختلف جہتوں میں قرآنی تربیت کا انداز، قرآنی قصص میں تربیتی پہلو اور ان پر استشہاد، خلاصۃ البحث، نتائج البحث	قرآن کا تربیتی اعجاز، تحقیقی وبلاغی مطالعہ	19

الأحاديث النبوية والسيرة النبوية وما يتعلق بهما

نمبر	عنوان	تفصیل
20	امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ بحیثیتِ محدث: کتاب الآثار کا خصوصی مطالعہ	امام صاحب کا تعارف، علمی مقام و مرتبہ، امام صاحب کے علم حدیث میں شیوخ و تلامذہ، کتاب الآثار کا اسلوب و منہج اور خصوصیات، مشہور نسخوں کا تعارف، اور امام صاحب کی خدمات کا تحقیقی مطالعہ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
21	امام قاضی ابو یوسف رحمہ اللہ بحیثیتِ محدث	تعارف، علمی مقام و مرتبہ، دینی و علمی خدمات، بحیثیت محدث آپ کی خدمات کا تحقیقی و تاریخی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج، البحث
22	امام ترمذی رحمہ اللہ کا علم حدیث میں مقام: جامع ترمذی کا خصوصی مطالعہ	امام ترمذی کے حالاتِ زندگی، مقام و مرتبہ، دینی خدمات، اصطلاحاتِ ترمذی کی تشریحات اور اصول حدیث کی رو سے جامع ترمذی کا خصوصی مطالعہ۔ و فوائد، خاتمہ، نتائج البحث
23	شیخ البانی پر شیخ شعیب ارناؤوط کی تنقیدات: تحقیقی و تنقیدی مطالعہ	ہر دو کا تعارف، خدمات و تالیفات کا جائزہ، البانی کا فہم حدیث میں فقہاء کے منہج سے انحراف، شیخ شعیب کا موٴقف اور تنقیدی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
24	مرویات سند "عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ": مشکوۃ المصابیح کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ	حدیث و فن حدیث کا تعارف، سند کی اہمیت اور باعتبار سند اقسام حدیث، سند مذکور کی فنی حیثیت، محدثین کے نزدیک اس سند سے مروی حدیث کا حکم، مشکوۃ المصابیح میں اس سند سے مروی احادیث مع تحقیق و تخریج۔
25	احادیث ہدایہ کی فنی حیثیت: تحقیقی مطالعہ (عبادات)	ہدایہ اور صاحب ہدایہ کا تعارف، ہدایہ کا منہج و اسلوب، اہم اصطلاحاتِ حدیث، احادیث ہدایہ کی فنی حیثیت اور ان کی تخریج، عبادات کا تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
26	احادیث ہدایہ کی فنی حیثیت: تحقیقی مطالعہ (مناکحات)	ہدایہ اور صاحبِ ہدایہ کا تعارف، ہدایہ کا منہج و اسلوب، اہم اصطلاحاتِ حدیث، احادیث ہدایہ کی فنی حیثیت اور ان کی تخریج، مناکحات کا تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
27	احادیث ہدایہ کی فنی حیثیت: تحقیقی مطالعہ (معاملات)	ہدایہ اور صاحبِ ہدایہ کا تعارف، ہدایہ کا منہج و اسلوب، اہم اصطلاحاتِ حدیث، احادیث ہدایہ کی فنی حیثیت اور ان کی تخریج، معاملات کا تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
28	احادیث ہدایہ کی فنی حیثیت: تحقیقی مطالعہ (خصومات)	ہدایہ اور صاحبِ ہدایہ کا تعارف، ہدایہ کا منہج و اسلوب، اہم اصطلاحاتِ حدیث، احادیث ہدایہ کی فنی حیثیت اور ان کی تخریج، خصومات کا تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
29	پانچ عجمی صحابہ رضی اللہ عنھم: تعارف و خدمات تاریخی و تحقیقی مطالعہ	اسلام کی اشاعت عرب سے عجم کی طرف، وجوہ، اسباب، تاریخی حقائق، دور نبی کریم ﷺ میں دعوت اسلام کے ذرائع، پانچ معروف عجمی صحابہ رضی اللہ عنھم، ترجیحی علاقے، مبلغین، دعوت تبلیغ کے نتائج، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
30	احادیث نبویہ بعنوان "والذی نفسی بیدہ": تحقیقی و اطلاقی مطالعہ	حدیث کی لغوی و اصطلاحی تحقیق، خاص الفاظ کا تکرار اور احادیث رسول ﷺ، اللہ و رسول اللہ کی قسم کا مقصد، والذی نفسی بیدہ کے الفاظ پر مشتمل احادیث کی تخریج، مضامین اور حکمتیں، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث

31	احادیث نبویہ بعنوان "لیس منا": تحقیقی واطلاقی مطالعہ	حدیث کی لغوی واصطلاحی تحقیق، خاص الفاظ کا تکرار اور احادیث رسول ﷺ، لیس منا کے مفہوم کی تشریح، لیس منا کے الفاظ پر مشتمل احادیث کی تخریج، مضامین اور حکمتیں۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
32	حدیث نبوی میں صفت مشبہ کا استعمال، صرفی وبلاغی مطالعہ (صحاح ستہ میں سے کسی ایک کتاب یا جزو کا انتخاب کرکے)	صفت مشبہ کی تعریف، اسکے اوزان، اسکی معنوی خصوصیات مثلاً صرف کا صرف جبلی صفات کے لیے استعمال ہوتا ہے وغیرہ، منتخب کردہ کتاب سے اس کے صیغوں کا احصاء اور پھر ان کے مناسب استعمال کی تحقیق اور بلاغت نبوی کی وضاحت، خلاصۃ البحث، نتائج البحث
33	منظوم سیرت نبوی، تحقیقی وتحلیلی مطالعہ	شاعر کا مکمل تعارف، سیرت نبوی کی اہمیت وضرورت، منظوم کلام کی فنی حیثیت، اسلوب ومنہج، موضوعاتی تحلیل، منظوم کلام سے اس پر شواہد، خلاصۃ البحث، نتائج البحث (عربی، اردو، فارسی زبانوں میں سے کسی ایک زبان میں موجود سیرت نبوی کے قصائد کا انتخاب کرکے تحقیق کریں)
34	سیرت النبی ﷺ میں مزاح: انسانی نفسیات پر اثرات تحقیقی واطلاقی مطالعہ	مزاح کی لغوی واصطلاحی تحقیق، اصطلاحات، کتب سیرت میں مزاح کے واقعات، کتب احادیث میں مزاح سے متعلقہ روایات، شریعت اسلامیہ میں مزاح کے حدود وقیود اور انسانی نفسیات پر اس کے اثرات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
35	فتح الملہم اور شرح مسلم للسعیدی کے مقامات لغویہ کا تنقیدی جائزہ	ہر دو مصنفین کے حالات، تالیفات وخدمات کا جائزہ، عربی زبان کی اہمیت ووسعت، ہر دو شرح میں ابحاثِ لغویہ کی تفصیل ونشاندہی، ماخذ ومصادر کے حوالے سے فوقیت، قول فیصل، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
36	تدوینِ حدیث: مستشرقین کے اعتراضات کے تناظر میں تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ	حدیث کی لغوی واصطلاحی تحقیق، سنت اور حدیث میں فرق، مشہور کتب احادیث، حدیث کی ضرورت واہمیت، تدوین حدیث کے ادوار، دور نبوی میں کتابتِ حدیث، خلفائے راشدین اور کتابت حدیث، اکابر صحابہ اور کتابت احادیث، مابعد کے ادوار میں کتابت حدیث، مستشرقین کے اعتراضات کا جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
37	منتخب کتبِ علوم الحدیث میں امثالِ فقہیہ پر اختلافِ مسالک کے اثرات (تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ)	(تدریب الراوی، فتح المغیث، نخبۃ الفکر، قواعد التحدیث، دراسات فی اصول الحدیث) کتب اصول حدیث کا تعارف مع احوال مصنفین، اصول حدیث کے تحت فقہی مثال کی مطابقت، ضرورت اور مذاہبِ فقہاء ومحدثین کے تناظر میں تحقیقی جائزہ، منطبقہ مسائل میں مصنفین کا اسلوب، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
38	شیخ علی المتقی الہندی قادری شاذلی رحمہ اللہ (صاحب کنز العمال) کی اشاعت وفروغِ حدیث میں خدمات کا تاریخی جائزہ	مصنف اور تصنیف کا تعارف، اساتذہ وشیوخ، اخلاق وعادات، سکونت حرمین کے واقعات، تالیفات ودیگر علمی کارنامے اور فروغ حدیث میں آپ کی خدمات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
39	گزشتہ اقوام کی ہلاکت کے اسباب اور عصر حاضر کی بداعمالیاں: تقابل وتجزیہ	قرآن میں بیان ہونے والے گزشتہ اقوام کے جرائم، ان کی ہلاکت کے اسباب اور عذاب کی صورتیں، دور حاضر میں پائی جانے والی بداعمالیاں اور احادیث کی روشنی میں انکی سنگینی نیز اصلاح کی صورتیں

المسائل الاعتقادية والكلامية ومتعلقاتها

40	نزہتہ القاری شرح صحیح بخاری میں مذکور اعتقادی مباحث کا تحقیقی جائزہ۔	مصنف کا تعارف۔ شرح کا عمومی منہج واسلوب، اعتقادی مباحث کا تحقیقی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
41	عصر حاضر میں اتحاد اہل سنت کی ضرورت اور اس کا لائحہ عمل	عصر حاضر میں اعتقادی اور اخلاقی فتنوں کی یلغار، افتراق اہل سنت کے دوررس دینی، معاشرتی اور سیاسی نقصانات، اتحاد اہل سنت کا مجوزہ لائحہ عمل، اتحاد میں حائل رکاوٹیں اور ان کا ازالہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
42	یہودیوں کی سازشیں اور اسلامی دنیا کو درپیش سیاسی و معاشی مشکلات اور ان کا حل	اسلامی دنیا کو درپیش دینی، معاشی اور سیاسی مشکلات، یہودی سٹیٹ اسرائیل اور دنیا کی تباہی میں اس کا کردار، یہودیوں کی ہمہ جہت سازشوں کا تدارک غلبہ اسلام کے تناظر میں۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
43	الہام سے متعلق قادیانی وغامدی نظریات تحقیقی و تنقیدی جائزہ	الہام کا لغوی، اصطلاحی معنی اور تاریخی پس منظر، الہام اور وحی میں فرق، غلام احمد قادیانی کے دعویٰ الہام اور صوفیہ کے الہام میں فرق، غیر نبی کے لیے قرآن وسنت سے الہام کا ثبوت اور جاوید احمد غامدی کی جہالت کا تنقیدی و تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
44	فتنہ انکارِ سنت کا تحقیقی جائزہ منتخب کتبِ ثلثہ کی روشنی میں	سنت خیر الانام ﷺ: (پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمہ اللہ) مقام سنت: (علامہ مشتاق احمد چشتی رحمہ اللہ) مقام سنت: (جعفر شاہ پھلواری) ہر سہ مصنفین کے حالات وخدمات و تالیفات، سنت کی آئینی حیثیت، فتنہ انکار سنت کا آغاز واسباب، ہر سہ کتب میں منکرینِ سنت کی غلط فہمیوں اور شبہات کے رد میں لکھی گئی تحقیقات کا جائزہ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
45	عصر حاضر میں اسلام کو درپیش فتنے اور ان کا حل تحقیقی مطالعہ	فتنہ کی تعریف و تاریخ، اغیار کی طرف سے حملہ آور فتنے اور امت مسلمہ کے اندر سے اٹھنے والے فتنے اور ان کا تدارک، الحادِ جدید کے مختلف روپ اور قرآن وسنت کی روشنی میں ان کی نشاندہی، وحدت امت کے لیے دور حاضر کی حکمت عملی ماضی کے تجربات کی روشنی میں، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
46	تعلیماتِ اسلام کی اشاعت میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال تجزیاتی مطالعہ	اشاعت کا لغوی، اصطلاحی معنی، مختلف ادوار میں اشاعتِ اسلام کا طریقہ کار، جدت کی طرف اقدامات، انٹرنیٹ، سوشل میڈیا، جدید ڈیوائسز کا استعمال، اس کے اثرات، فوائد اور نقصانات، خلاصۃ البحث، نتائج البحث
47	مذہبی مسالک میں ہم آہنگی دور حاضر کے تناظر میں تحقیقی جائزہ	پاکستان میں اکثریت رکھنے والے مذہبی مسالک کا تعارف، بین المسالک ہم آہنگی کی ضرورت واہمیت، بین المسالک ہم آہنگی کی حدود و قیود، بین المسالک ہم آہنگی کی تجاویز وسفارشات، خلاصۃ البحث، نتائج البحث
48	شرح عقائد نسفی اور المعتقد المنتقد کا تحقیقی و تقابلی جائزہ	ہر دو کتب اور ان کے مصنفین کا تعارف، علم الکلام کا طائرانہ تعارف، ضرورت واہمیت، اس پر وارد اعتراضات کا تحقیقی جائزہ، دونوں کتب کا منہج، مشترکات، خصوصیات، خلاصۃ البحث، نتائج البحث
49	ذاتی زندگی میں عدم مداخلت کے شرعی ضابطے تحقیقی جائزہ	قرآن وحدیث کی روشنی میں پرائیویسی (Privacy) کی اہمیت وضرورت، دوسروں کی ٹوہ میں لگنے رہنے کی ممانعت، ذاتی زندگی کا تحفظ شریعت کی روشنی میں، دوسروں کے عیوب سے چشم پوشی کے فضائل، کسی کی پرائیویسی کے احترام کے شرعی ضابطے، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
50	وحی پر مستشرقین کے اعتراضات کا تحقیقی مطالعہ	وحی کی تعریف، وحی کا ثبوت، وحی کی اقسام اور حکم، وحی کی ضرورت، وحی پر عقلی شبہات کا رد، مستشرقین کے اعتراضات کے جوابات، خلاصۃ البحث، نتائج البحث
51	عقیدہ ختم نبوت ﷺ کا تحفظ اور عصر حاضر کے علماء کی ذمہ داریاں	نبوت کا لغوی واصطلاحی معنی، عقیدہ ختم نبوت پر قرآن وسنت سے دلائل، عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کی ضرورت، پاکستان میں عقیدہ ختم نبوت کی تاریخ، عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے اہل علم، دانشور اور اسکالرز کی ذمہ داریاں، خلاصۃ البحث، نتائج البحث

لعنت کا معنی و مفہوم، شرعی حکم، صحابہ و اہلبیت اور عامۃ المسلمین پر لعنت کرنے کی وعیدیں، مستحق لعنت افراد قرآن وحدیث کی روشنی میں، یزید پر لعنت کرنے میں اقوالِ ائمہ و دیگر تحقیقی پہلو۔ خلاصۃ البحث، نتائج البحث	لعنت کے احکام: قرآن وسنت کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ	52

المسائل الفقهية والإسلامية وما يتعلق بها

تجارت کے احکام، غش کی لغوی اور اصطلاحی تحقیق، غش کے قرآن اور سنت کی روشنی میں احکامات، غش کی موجودہ صورتیں اور ان کا تدارک قرآن اور سنت کی روشنی میں، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	من غشنا فليس منا کے تناظر میں عصر حاضر کی تجارت کا تحقیقی جائزہ	53
فتویٰ کی تعریف وتاریخ، حالات ومکانات کے تغیر سے فتویٰ کا تبدیل ہونا، اجتہاد کی شرعی حیثیت، ہر دور میں اجتہاد کی مشروعیت، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	زمان ومکان کی تبدیلی کا فتویٰ پر اثر تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ	54
شفعہ کا لغوی اور اصطلاحی معنٰی ومفہوم، حق شفعہ کے اغراض ومقاصد، استحقاقِ شفعہ کے اسباب، مستحقینِ شفعہ کی اقسام اور ان کے مابین ترتیب، حقِ شفعہ میں ائمہ اربعہ کا اختلاف مع الدلائل، ثبوتِ شفعہ کی شرائط، شفعہ سے متعلق مسائل واحکام، شفعہ کے بارے میں پاکستانی دستور کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ شفعہ کو ساقط کرنے کے لیے حیل اور ان کا حکم، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	شفعہ کے مسائل واحکام اور آئین پاکستان تحقیقی وتنقیدی مطالعہ	55
ویڈیو مناظر دیکھنے کا شرعی حکم، کارٹون کیسے بنتے ہیں؟۔ کارٹون کی ویڈیوز کا حکم، ویڈیو میں کارٹون کو اسلامی حلیہ میں دکھانا مثلاً نماز کی ادائیگی اور کارٹون کا داڑھی اور عمامہ سجانا، بچوں کی اسلامی تربیت کیلیے ضابطے قرآن وسنت کی روشنی میں، کتب پڑھنے اور عملی نمونہ دیکھنے کے بچوں کی طبیعت پر اثرات، بچوں کی تربیت واصلاح کے لیے اسلامی کارٹون بنانے کے فوائد ونقصانات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	تربیتِ اولاد میں ویڈیو کارٹون کا کردار مثبت ومنفی اثرات کا تجزیاتی مطالعہ	56
قرض کا لغوی اور اصطلاحی معنٰی ومفہوم، ضرورت واہمیت، قرض اور دَین میں فرق، قرض اور مضاربت میں فرق، قرض لینے کی ممانعت اور شرعی رخصتیں قرض لینے میں احتیاط، قرض کی عدم ادائیگی پر وعیدات، قرض کے لین دین سے متعلق احکام شرعیہ، مقروض کو مہلت دینے کی فضیلت اور اس پر اجر وثواب۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	قرض کے مسائل واحکام اور اخلاقی ضوابط فقہی مطالعہ	57
حد کی تعریف اور اس کے اجزاء ترکیبی، تعریف کے قواعد وضوابط یعنی جامع ومانع ہونا، تعریف میں مذکور قیود کے فوائد، ماہیت کے اعتبار سے تعریف کی اقسام، مشمولات کے اعتبار سے تعریف کی اقسام۔ صحتِ تعریف کی شرائط، حد وتعریف اور رسم پر وارد ہونے والے اعتراضات اور ان کے جوابات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	حدود تعریفات اور رسوم کے قواعد وضوابط (علم منطق کی روشنی میں)	58
پردہ کی فرضیت، واہمیت اور مستشرقین کے شبہات کا ازالہ، سفر کے قدیم اور جدید وسائل، محرم کے بغیر ممنوعہ اسفار، عصری تناظر میں فرضی محرم کے ساتھ حج وعمرہ اور دیگر اسفار کا حکم، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	عورت کے لیے محرَم کے بغیر حج وعمرہ اور دیگر طویل اسفار کا حکم قرآن وحدیث اور کتب فقہ کی روشنی میں	59
نکاح سے متعلقہ قرآنی آیات، احادیث مبارکہ، نکاح کے فوائد وثمرات، نکاح کے بغیر زندگی گزارنے کے نقصانات، مغرب میں رائج پارٹنر شپ سے معاشرتی زندگی کی تباہی اور اس کے اثرات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	اسلامی نکاح اور مغربی پارٹنر شپ کا تحقیقی وتقابلی مطالعہ	60
تعریف ومتعلقات، مآخذِ علت، علت کے درجات ومراتب، اجتہاد اور استنباط سے علت اخذ کرنے کے طریقے، موانع علت، خاتمہ فوائد ونتائج البحث	فقہی احکام کے استنباط میں علت کا کردار	61
جبال اور قرآن، جبال اور احادیث، جبال کا تاریخی ثبوت، جنتی جبال، دوزخی جبال، جبال کے معرض وجود میں لانے کی وجوہ، حکمتیں، اہمیت، افادیت، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مقدس جبال (پہاڑ) قرآن وحدیث کے آئینے میں تاریخی مطالعہ	62

فقہ اسلامی ضرورت واہمیت، دائرہ کار، فقہ اسلامی کے مصادر مراجع، فقہ اسلامی کی ترویج، فقہ اسلامی کا امتیاز، فقہ اسلامی پر جدیدیت کے اعتراضات کا جائزہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	فقہ اسلامی پر جدیدیت کے اثرات تحقیقی مطالعہ	63
فتویٰ کا معنی و مفہوم، فتویٰ نویسی کے آداب، جدید کتب فتاویٰ کا تعارف، مصنفین کا تعارف، فتاویٰ بھکھی شریف، فتاویٰ جامعہ اسلام آباد اور فتاویٰ جلالیہ کا منہج واسلوب تجزیاتی و تقابلی جائزہ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	منتخب فتاویٰ (فتاویٰ بھکھی شریف، فتاویٰ جامعہ اسلام آباد اور فتاویٰ جلالیہ) کا تجزیاتی مطالعہ	64
مختلف اعذار کے تحت نماز میں مختلف سہولتوں کا بیان، حدیث مبارک: لاعدوی ولا طیرۃ،،، کی تحقیق، سماجی فاصلوں کے ساتھ نماز کا حکم، ادوارِ ماضیہ کی وبائیں اور انسانی حالات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	وبائی حالات میں ایس او پیز کے تحت سماجی فاصلہ کے ساتھ نمازیں ادا کرنے کا حکم	65
عہد رسالت مآب ﷺ عہد خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم تا خلافت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ (30 سال) خلافت بنی امیہ میں (دورانیہ 100 سال) (خلافت عباسیہ میں (دورانیہ 500 سال) خلافت عثمانیہ میں (دورانیہ 624 سال) اور برصغیر کی سلطنت مغلیہ کے عدالتی فیصلے (ظہیر الدین بابر تا بہادر شاہ ظفر 300 سال سے زائد)	ایک مجلس یا ایک لفظ سے دی گئی تین طلاقوں کے تین ہونے پر عدالتی فیصلوں کا تاریخی تسلسل	66
قاضی کے عہدہ کے شرعی قواعد وضوابط، فیصلہ کرنے کا معیار، غلط فیصلہ ہونے کی صورت میں رجوع کے واقعات، قرآن وسنت کے خلاف ہونے والے فیصلوں پر عمل کی قانونی وشرعی حیثیت، غلط فیصلوں کی روک تھام کیلیے حکومت وقت کا کردار، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	شریعت اسلامیہ کے خلاف صادر ہونے والے عدالتی فیصلوں کا تنقیدی جائزہ	67
حضرت مسیح سے متعلق اسلامی عقیدہ، عقیدہ مصلوبیت مسیح کا تعارف، اس عقیدہ کا قرآن وسنت کی روشنی میں رد، مصلوبیت کے عقیدہ سے جڑی قادیانی سازشیں اور ان کا تدارک، نیز اس عقیدہ میں عیسائی اور اسلامی نظریہ کا تقابل، خاتمہ ، فوائد، نتائج البحث	عقیدہ مصلوبیتِ مسیح اور اس کا قرآن وسنت کی روشنی میں رد	68
اسلام میں کھیل کے جواز وعدم جواز کے اصول، قدیم وجدید کھیلوں کا تعارف، موبائل یا کمپیوٹر وغیرہ پر گیم کھیلنے کا حکم، ویڈیو گیم کے اثرات اور شرعی حکم خصوصاپب جی گیم پر فتوی کی تحقیق۔	کھیل کے احکام قرآن وسنت کی روشنی میں	69
خاندانی منصوبہ بندی کا اسلام کی روشنی میں حکم، کثرت اولاد کی احادیث میں مذکور ترغیب، منصوبہ بندی کے اسباب، جواز وعدم جواز پر دلائل، ضبط تولید کی ضرورت، صورتیں اور شرعی حکم	ضبط تولید کا شرعی حکم قرآن وسنت کی روشنی میں	70
احتجاج کی تاریخ، دور حاضر میں احتجاج کی رائج صورتیں، روڈ بلاک کرنے اور چوراہے پر دھرنا دینے کا شرعی حکم اور قانونی حیثیت، مذہبی وملی مفاد کے حصول کیلیے حاکم وقت سے مطالبہ کا شرعی طریقہ، ظلم کے خلاف کھڑے ہونے کی صورتیں، حکمران پر تنقید کے جواز یا عدم جواز پر دلائل، معاشرہ میں برائی کے خاتمہ کیلیے حاکم اور عام شہری کی ذمہ داریاں	صدائے احتجاج کا شرعی حکم	71
ہر دو کتب اور مصنفین کا تعارف، دونوں کی اہمیت، کتب اصول فقہ میں ان کا مقام و مرتبہ اور فنی حیثیت۔ ہر دو کتب کا اسلوب و منہج خصوصیات، مشترکات، دونوں کتابوں سے مثالوں کی روشنی میں، (ادلہ اربعہ میں سے کسی ایک دلیل کا انتخاب ضروری ہے)	نورالانوار اور نسمات الاسحار کا تقابلی جائزہ	72

التصوف والرجال والتعليم والتربية وما يتعلق بها

مفتی محمد امین صاحب رحمہ اللہ (فیصل آباد) کے حالات زندگی، تنظیمی و تدریسی خدمات، تصنیفی اسلوب اور تالیفات کا جامع مطالعہ، تلامذہ وخلفاء کے احوال وخدمات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مفتی محمد امین صاحب رحمہ اللہ کی تصانیف کا تحقیقی جائزہ	73
مولانا نظام الدین مصباحی کے حالات زندگی، علمی تصانیف وآثار، مجلس شرعی کے حوالہ سے خدمات، مولانا مصباحی صاحب اور مجلس شرعی سے متعلق علماء کی آراء، حواشی کا علمی مقام و مرتبہ، امام نووی کی شرح المنہاج علیٰ صحیح مسلم بن الحجاج سے تقابلی مطالعہ، اور امام نووی کے دلائل پر تبصرہ	الحواشي الجلية في تأييد مذهب الحنفية از علامہ نظام الدین مصباحی رحمہ اللہ کا تحقیقی وتقابلی مطالعہ ج:1	74

مولانا نظام الدین مصباحی کے حالات زندگی، علمی تصانیف و آثار، مجلس شرعی کے حوالہ سے خدمات مولانا مصباحی صاحب اور مجلس شرعی سے متعلق علماء کی آراء، حواشی کا علمی مقام و مرتبہ، امام نووی کی شرح المنہاج علیٰ صحیح مسلم بن الحجاج سے تقابلی مطالعہ، اور امام نووی کے دلائل پر تبصرہ	الحواشی الجلیۃ فی تایید مذھب الحنفیۃ از علامہ نظام الدین مصباحی رحمہ اللہ کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ ج:2	75
مولانا اسید الحق قادری بدایونی کا تعارف اور خاندانی پس منظر علمی سرگرمیاں، تصنیفی خدمات، تصنیفی اسلوب، اور تالیفات کا جامع مطالعہ، تلامذہ و خلفاء کے احوال و خدمات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مولانا اسید الحق قادری بدایونی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصنیفی خدمات کا جائزہ۔	76
تعارف و حالات زندگی، اصلاح تصوف میں کردار، جامعہ محمدیہ کا قیام، متاخرین صوفیا میں آپ کا مقام و مرتبہ، اصلاح معاشرہ میں منہج و طریقہ کار، دینی، مذہبی، علمی و روحانی خدمات، عصر حاضر میں آپ کے کردار سے استفادہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	اصلاح معاشرہ میں حضرت حافظ الحدیث پیر سید جلال الدین مشہدی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات و کردار	77
پیر صاحب کا تعارف اور خاندانی پس منظر، شاعری کے موضوعات، مضامین تصوف کا تحقیقی جائزہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	پیر سید نصیر الدین نصیر رحمہ اللہ کی شاعری میں مضامین تصوف کا تحقیقی جائزہ	78
ملتان کی تاریخی حیثیت و مرکزیت، اہلسنت مصنفین کے حالات زندگی، مطبوعہ و غیر مطبوعہ تصانیف کا جائزہ، تحقیقی معیار، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	اسلامی علوم و فنون میں ضلع ملتان کی اہلسنت دینی شخصیات کی تصانیف کا تحقیقی جائزہ	79
خطابت کی تشریح و توضیح، اصول و ضوابط، خطیب کے اوصاف، مصنفین کے احوال و ضروری کوائف، کتاب کی فنی و تحقیقی خصوصیات، مواد کا تجزیہ، موضوعات کی تقسیم، مصادر و مراجع کا جائزہ، عصر حاضر میں فن خطابت کی اصلاح کے لیے مفید تجاویز، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	اردو میں خطابت کی منتخب کتب کا تجزیاتی مطالعہ گلشن خطیب (حافظ محمد ظفر اقبال چشتی) ابرار خطابت (قاری محمد ابرار احمد قادری) انوار خطابت (حافظ سید ضیاء الدین نقشبندی) ذوق خطیب (فیض المصطفیٰ عتیقی) کنز الخطیب (علامہ دین محمد چشتی) الخطیب (محمد دین نعیمی) رحمھم اللہ	80
احوال مصنف، تذکرہ نگاری کی تاریخ، تعارف و اہمیت، شیخ محقق سے ماقبل برصغیر میں تذکرہ نگاری کی روایت، کتاب میں مذکور اولیاء و صالحین کی پاکستان میں آمد کا سلسلہ، تعلیم، تدریس، تدفین، مکمل سوانح، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	اخبار الاخیار (شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمہ اللہ) میں مذکور پاکستان کے اولیاء و صالحین کے تذکار کا تحقیقی جائزہ	81
درس نظامی کے مروجہ نصاب میں داخل کتب منطق کا تعارف، کتب تفسیر، شروح حدیث، علم الکلام اور کتب فقہ و فتاویٰ میں سے منطقی مباحث اور اصطلاحات پر مشتمل نصوص نقل کر کے علم منطق کی ضرورت و اہمیت پر استشہاد اور عصر حاضر میں منطق کی ضرورت و اہمیت، خلاصۃ البحث، نتائج البحث	موجودہ دور میں منطق کی ضرورت و اہمیت تجزیاتی مطالعہ	82
ضروری کوائف، نصب العین کا تعین، مردم شناسی، طلبہ کے لیے ماہر اساتذہ کی تلاش و فراہمی، تربیت کے متنوع میادین، اہل قلم کی ذہنی و دماغی تربیت، حوصلہ افزائی اور ترغیبات، عملی شرکت اور اصلاح کا طریقہ کار، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	رجال کی تیاری میں اکابرین اہل سنت کا کردار (علامہ سید احمد سعید کاظمی / علامہ عطا محمد بندیالوی / پیر محمد کرم شاہ الازہری / علامہ مفتی عبد القیوم ہزاروی) رحمھم اللہ	83
الحاد اور دہریت، سائنس اور الحاد، مذہب اور الحاد، نفسانی الحاد، معاشی الحاد، معاشرتی الحاد، علمی الحاد، نقصانات، طرائق تدارک الحاد، الحاد کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، تالیفات، مضامین اور لیکچرز کی تفصیل، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	الحاد کے بڑھتے ہوئے رجحانات اور ان کے سدباب میں اہلسنت علماء و اسکالرز کا کردار	84
تعارف، علمی مقام، خدمات، دور حکومت، تصانیف، اسلوب، سلاسل اربعہ میں سلسلہ سہروردیہ کا مقام، ترویج، امتیازات، خصوصیات، دینی خدمات کے اثرات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مصنف،، پنج گنج،، شیخ حمید الدین حاکم رحمہ اللہ کا سلسلہ سہروردیہ کی ترویج و اشاعت میں کردار	85

مجلات وجرائد کی اہمیت واثرات، ابلاغ کے اصول وضوابط اسلامی تناظر میں معروف سنی جرائد، السعید، ضیائے حرم، عرفات، ضیائے مصطفیٰ، نورالحبیب، دلیل راہ، معین الاسلام، سوئے حرم، جہان رضا، صراط مستقیم وغیرہ، مضامین پر ایک نظر، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	پنجاب کے مجلات وجرائدِ اہل سنت کا تحقیقی جائزہ	86
خلفائے اعلیٰ حضرت کا تعارف، ان کی تصانیف کے ادوار، قرآن، حدیث، فقہ، سیرت، تاریخ سیاسیات، معاشیات، اخلاقیات، تصوف، ساجیات سے متعلق تصانیف کے اثرات، شروحات، تراجم، تخریج حواشی وغیرہ	خلفائے اعلیٰ حضرت امام احمد رضاخان بریلوی رحمہ اللہ کی تصنیفی خدمات	87
دعوت وتبلیغ کی ضرورت اہمیت شخصیات، تنظیمات، تحریکات مکتوبات، خطبات وغیرہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	خلفائے اعلیٰ حضرت امام احمد رضاخان بریلوی رحمہ اللہ کی دعوتی وتبلیغی خدمات	88
علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ کا تعارف، تبلیغی خدمات، مذہب عیسائیت اور اسلام میں امتیازی فرق، پیر صاحب کی ردعیسائیت پر کتب، پادریوں کے ساتھ ہونے والے مناظرے، عیسائیوں کے رد کا منہج واسلوب، عیسائیت پر آپ کی ان خدمات کے اثرات۔، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	علامہ پیر ابوالنصر منظور احمد شاہ رحمہ اللہ (بانی جامعہ فریدیہ ساہیوال) کی ردعیسائیت پر خدمات کا تحقیقی جائزہ	89
تعارف اور ابتدائی احوال، خدمات کے میادین، تدریس، تبلیغ، تقریر، تصنیف، متفرقات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمہ اللہ کے مشاہیر تلامذہ تعارف وخدمات	90
ابتدائی زندگی خاندان، اساتذہ، مشائخ، اسفار، تصانیف، خطبات، تحریک پاکستان، تحریک ختم نبوت 1953، تحریک دفاع پاکستان میں کردار، اداروں کا قیام، تنظیمی خدمات، متفرقات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	علامہ عبدالحامد بدایونی رحمہ اللہ حیات وخدمات تاریخی جائزہ	91
سیرت کی ضرورت واہمیت، سیرت کے عصری رجحانات، مولانا اوکاڑوی کا تعارف، مولانا کی تصانیفِ سیرت، مقالات سیرت، کلام سیرت، مولانا کا منہج سیرت، تفردات وخصوصیات، تراجم واثرات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مولانا محمد شفیع اوکاڑوی رحمہ اللہ کا منہج واسلوب سیرت نگاری تحقیقی وتنقیدی مطالعہ	92
اسلام اور حقوق نسوانی کا تحفظ، عورتوں کی اظہار رائے کی اسلامی حدود، پاکستان کی نسوانی تحریکیں، اسباب، نتائج، خاتمہ ،فوائد، نتائج البحث	پاکستان میں نسوانی تحریکیں	93
انسانی حقوق قرآن وسنت کی روشنی میں، دنیا میں انسانی حقوق کی کم از کم 5 تنظیمات کا تعارف اور ان کے اغراض ومقاصد، مسلمانوں پر ہونے والے مظالم پر تنظیمات کی خاموشی کی وجوہات، انسانی حقوق کی آڑ میں تنظیمات کا ایجنڈا، خاتمہ ،فوائد، نتائج البحث	انسانی حقوق کی تنظیمات کا مسلمانوں پر ہونے والے مظالم پر دوہرا معیار، ایک تحقیقی مقالہ	94
ملتان کی کوئی سی تین صوفی طبع علمی شخصیات کا تعارف، ان کی علمی وتبلیغی خدمات کا جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	صوفیاءملتان کی علمی وتبلیغی خدمات کا تحقیقی جائزہ	95
تصوف کا جامع تعارف، تاریخ وارتقاء، عصری تعلیم کے ساتھ تصوف کی ضرورت واہمیت، مدارس دینیہ میں تصوف کی ضرورت اہمیت، تصوف کو داخل نصاب کرنے کے حوالہ سے قابل عمل ممکنہ تجاویز وسفارشات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	تعلیمی اداروں میں تصوف کی ضرورت واہمیت	96
فقہ کا تعارف، فقہی عنوانات وموضاعات کا ذکر، تنظیم کے تحت لکھے جانے والے مقالات کی افادیت، شرائط واصول کا جائزہ، فقہی مقالات کے فوائد، سفارشات وتجاویز، نتائج البحث	تنظیم المدارس کے عصر حاضر کے فقہی مقالات کا تحقیقی جائزہ	97
لاہور کی کوئی سی تین صوفی طبع علمی شخصیات کا تعارف، ان کی علمی وتبلیغی خدمات کا جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	صوفیاءلاہور کی علمی وتبلیغی خدمات کا تحقیقی جائزہ	98
صوفی اور تصوف کی تعریف، پاکستان کے پہلے تصوف کے باقاعدہ ادارے شیخ ابوالحسن شاذلی کا تعارف، اعتراضات، اہداف اور متوقع نتائج، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	صوفی ازم انسٹیٹوٹ پاکستان	99

السیاسۃ والحکومۃ والسیر وما یتعلق بھا

مدارس دینیہ کی اہمیت وخدمات، مدارس دینیہ کے عصری مسائل اور ان کے تدارک کا مختصر جائزہ، ان کے نصاب میں اصلاحات کی ضرورت، دینی مدارس کے خلاف اغیار کی ریشہ دوانی، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	پاکستان کے دینی مدارس کا نصاب اور عصری تقاضے	100
برصغیر پاک وہند میں دینی مدارس کی تاریخ، دینی مدارس کے خلاف انگریز کی سازشیں، مدرسہ اور سکول میں عدم مساوات، اکابر اہل علم کی دینی مدارس کے لیے گرانقدر خدمات، مدارس کے خلاف سازشوں کی تازہ لہر، مشکلات کے دور میں قابل عمل تجاویز، مدارس کے نصاب اور عصری علوم کا امتزاج اور نتیجہ خیزی کی ضمانت، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	دینی مدارس: ماضی اور حال کے آئینہ میں تاریخی اور تحقیقی مطالعہ	101
خطبہ حجۃ الوداع کا متن، مضامین حجۃ الودع، احادیث نبویہ کو دوسروں تک پہنچانے کی ترغیب، عصر حاضر میں موضوعات خطبہ حجۃ الودع کا اطلاقی مطالعہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	موضوعات خطبہ حجۃ الوداع کا عصری اطلاق تحقیقی جائزہ	102
تعارف، خاندانی پس منظر، تعلیمی مراحل، اخلاق وعادات، دینی، ملی، علمی، تنظیمی، سیاسی، سماجی، خانقاہی اور رفاہی خدمات، ہم عصر دانشوارانِ ملت، محققین اور سماجی شخصیات کی آراء، خلفاء کا تعارف وان کی خدمات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	پیر طریقت خواجہ محمد حمید الدین سیالوی رحمہ اللہ کی حیات وخدمات	103
تعارف، تعلیمی مراحل، اخلاق وعادات، دینی، ملی، تنظیمی، تحریکی، سیاسی، سماجی، تبلیغی، تدریسی، تصنیفی، رفاہی اور بیداریٔ اُمّت کے لیے خدمات، ہم عصر دانشوارانِ ملت، محققین اور سماجی شخصیات کی آراء، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	علامہ حافظ خادم حسین رضوی رحمہ اللہ اور بیداریٔ اُمت	104
تعارف، تعلیمی وشخصی احوال، اخلاق وعادات، دینی، ملی، تدریسی، تحقیقی وتصنیفی، سماجی اور رفاہی خدمات، ہم عصر دانشوارانِ ملت، محققین اور سماجی شخصیات کی آراء، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مفتی محمد خان قادری رحمہ اللہ کی تحقیقی وتصنیفی خدمات	105
شخصی احوال، اخلاق وعادات، دینی، ملی، تنظیمی، سماجی، تصنیفی، تبلیغی، خانقاہی اور رفاہی خدمات، ہم عصر دانشوارانِ ملت، محققین اور سماجی شخصیات کی آراء، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مولانا پیر منیر احمد یوسفی رحمہ اللہ کی دینی وسماجی خدمات	106
شخصی احوال، اخلاق وعادات، دینی، ملی، تنظیمی، سماجی اور رفاہی خدمات، ہم عصر دانشوارانِ ملت، محققین اور سماجی شخصیات کی آراء، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	صاحبزادہ فضل رسول حیدر رحمہ اللہ کی مذہبی اور سیاسی خدمات	107
شخصی احوال، اخلاق وعادات، مذہبی، تنظیمی، سماجی اور رفاہی خدمات، ہم عصر دانشوارانِ ملت، محققین اور سماجی شخصیات کی آراء، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	صاحبزادہ عطاء المصطفیٰ نوری رحمہ اللہ کی مذہبی وسماجی خدمات	108
شخصی احوال، اخلاق وعادات، دینی ومذہبی خدمات خصوصاً جامعہ شمس العلوم اور تنظیم المدارس کے حوالے سے خدمات، معاصر علماء کرام اور اہم شخصیات کی آراء۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مولانا غلام محمد سیالوی رحمہ اللہ کی تنظیمی خدمات	109
تاریخ فلسطین، مسجد اقصیٰ کے فضائل ومناقب، فلسطینی واسرائیلی تنازع کے تاریخی حقائق، اسرائیلی جارحیت کے سدباب کی صورتیں، مسئلہ فلسطین پر اقوام عالم اور مسلم ممالک کا کردار، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مسئلہ فلسطین پر امتِ مسلمہ کا کردار تحقیقی جائزہ	110
جامعات کا تعارف، سنگ بنیاد، بانیان کا تعارف، موجودہ صورت حال، طلبہ واساتذہ کی تعداد وغیرہ۔ تصنیف وتالیف کی ضرورت واہمیت، تصنیفی تخصصات ورجحانات اور عصری تقاضے، تصنیفات کا تعارف اور تبصرہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	تنظیم المدارس سے ملحق جامعات میں تصنیفی ادارے: تعارف واثرات	111

112	کوئی سے پانچ جرائد اہل سنت میں رد قادیانیت پر لکھے گئے مقالات کا موضوعاتی مطالعہ۔	پانچ مجلات کا تعارف، مقالہ نگاران کا تعارف، مقالہ جات کا موضوعاتی مطالعہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث (2015-2020)
113	اسلامی حکومت کے خلاف خروج کا شرعی حکم۔	اسلامی حکومت کا تصور، خروج کا حکم متقدمین کے اقوال کی روشنی میں، متاخرین کے اقوال کی روشنی میں۔، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
114	اسلام کے نظام عدل کی روشنی میں موجودہ عدالتی نظام کا تجزیاتی مطالعہ	عدل کی ضرورت واہمیت، اسلام کے نظام عدل میں خلفاء اربعہ علیھم الرضوان کے اقدامات، اسلام کے نظام عدل کی روشنی میں عدالتی نظام کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
115	غزوات نبوی اور جدید جنگی قوانین تحقیقی و تقابلی جائزہ	غزوہ کی تعریف، غزوات نبویہ کا تعارف، غزوہ اور سریہ میں فرق، غزوات نبویہ کے اثرات و نتائج ، جدید جنگی قوانین، تقابلی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
116	مقاماتِ مقدسہ کا تحفظ اور عالم اسلام کی ذمہ داریاں	شعائر اللہ کی تشریح و تفہیم، میڈیا کی سطح پر مقاماتِ مقدسہ پر فکری وخیالی حملے، اسباب، تدارک اور سدباب کے لیے قابل عمل تجاویز، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
117	ففتھ (5th) جنریشن وار اور اہل اسلام تحقیقی جائزہ	تعریف و تمثیلات، ذرائع، اداروں اور میڈیا کا کردار، ملکی و دینی ذمہ داران کا کردار اور مسلم امہ کی ذمہ داریاں، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
118	فنگر پرنٹ سے افراد کی شناخت اور سزا کے تعین کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ	لغوی واصطلاحی مفہوم، گواہوں کی عدم موجودگی میں جرائم کی تفتیش میں شواہد کے متعلق فقہائے اسلام کی آراء کا جائزہ، قاضی یا جج کے لیے جنایات میں جدید ذرائع وادلہ سے استدلال کی اہمیت، اثباتِ جرم کے مراحل، جنایات میں کفار ماہرین سے مشاورت کی حیثیت، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
119	مؤسسین تنظیم المدارس کی دینی و ملی خدمات کا تاریخی جائزہ	تنظیم المدارس کے مؤسسین کا تعارف، تنظیم المدارس کے معرض وجود میں لانے کی وجوہ، اکابرین اہلسنت کی آفاقی سوچ کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ مع تماثیل، تنظیم المدارس اہل سنت کے وقار کی علامت، نئے تعلیمی بورڈز اور حکومتی اہداف کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
120	ٹیکس کا مروجہ نظام ریاست مدینہ کے تناظر میں تحقیقی و تقابلی مطالعہ	ریاستی اور مقامی آمدنی ٹیکس، پراپرٹی ٹیکس، اور سیلز ٹیکس، ٹیکس ادائیگی کے اہم قوانین، انفرادی آمدنی ٹیکس، معاشی بحران مگر کس نظام میں؟ اسلامی نظام معیشت، اسلامی ریاست کے ذرائع آمدن، ریاست مدینہ کے ذرائع آمدن، تقابلی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
121	بیت المقدس کی اہمیت آسمانی مذاہب کے تناظر میں تحقیقی جائزہ	آسمانی مذاہب کی اہمیت، شعائر اللہ سے مراد، تعمیر بیت المقدس اور انبیاء کرام، آسمانی کتابیں اور بیت المقدس، اہمیت، فاتحین بیت المقدس، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
122	پاکستان میں نعیمیین کے قائم کردہ ادارے ایک خصوصی جائزہ	اداروں کے بانیان کا تعارف، اہداف و مقاصد، اداروں کا فکر رضا کے فروغ میں کردار، اداروں کی نمایاں خصوصیات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
123	پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں سنی علماء کرام کے مخزونات کا جائزہ	مخزونہ مولانا علی روحی، مخزونہ حکیم موسیٰ امرتسری، مخزونہ میاں جمیل احمد شرقپوری، مخزونہ پروفیسر محمد اقبال مجددی، تمام کے احوال و خدمات اور کتب کی تفاصیل، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
124	مظلوم مسلمین اور مغربی دنیا: قانون اور حقیقت	مظلوم و مقبوضہ مسلم ممالک، بالخصوص شام، کشمیر، بوسنیا، القدس پر ہونے والے مظالم، وجہ تنازعہ، علاقائی قانون اور بین الاقوامی قانون، یو این او اور مغربی دنیا کا رویہ، ممکنہ حل، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث
125	اسلامی ممالک میں عورت کی حکمرانی تاریخ اور مذہب کے آئینے میں	عورت کا مقام و مرتبہ ازروئے اسلام، اسلام میں عورت کے حقوق و فرائض، عورت کی حکمرانی اور تاریخ عورت کی حکمرانی اور مذہب، فوائد و نقصانات کا تجزیہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث

عورت کا مقام و مرتبہ ازروئے اسلام، اسلام میں عورت کے حقوق و فرائض، عورت مارچ کا پس منظر، عورت مارچ کے معاشرہ پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ اور خواتین کے پلے کارڈز کا محاسبہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	عورت مارچ کا تجزیاتی مطالعہ	126
کورونا وائرس قدرتی یا مصنوعی کورونا وائرس کے اجزاء ترکیبی، علاج کے لیے حلت و حرمت کے شرعی اصول شرعی نقطہ نظر سے عالمی تحقیقات کا جائزہ اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان کی رپورٹ کا تجزیہ منفی پروپیگنڈہ اور اس کا رد، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	کورونا وائرس کی حقیقت	127
سوشل میڈیا کیا ہے؟ سوشل میڈیا کے فوائد و نقصانات، آزادی اظہار رائے یا انتشار، اس کے استعمال کی شرعی حدود و قیود، قرآن و حدیث کی روشنی میں گمراہ کن استعمال کا جائزہ اور اس کی روک تھام کیلئے اقدامات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	سوشل میڈیا کا طوفان اور اس کی حدود و قیود تحقیقی جائزہ	128
وقف کی تعریف مع مسائل وقف، وقف بل کا تعارف، حکومت پاکستان کے موجودہ وقف بل کا تحقیقی و تنقیدی تجزیہ، وقف بل کے مثبت او منفی نتائج۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	حکومتی وقف بل کا اسلام کی روشنی میں تحقیقی و تنقیدی جائزہ	129
مدارس دینیہ کا تعارف و آغاز، عصری علوم کی اہمیت، درس نظامی کے نصاب کے ساتھ عصری علوم کی تدریس کی ممکنہ صورتیں، دینی و عصری علوم کے حامل ادارے، نصاب اور نظام الاوقات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	عصری علوم اور دینی مدارس تحقیقی و تقابلی مطالعہ	130
اسلاموفوبیا تعریف و تاریخ، مغربی ممالک کا اسلام کے خلاف رد عمل، منفی رد عمل کی وجوہات، اسلام مخالف تاثر کے قیام کی تاریخ۔ اسلام کا اصل چہرہ دکھانے کیلئے مسلم امہ کی ذمہ داریاں، علماء و مشائخ اور مدارس کا اسلسلہ میں کردار، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	مغربی ممالک میں بڑھتا ہوا اسلاموفوبیا اور مسلم امہ کی ذمہ داریاں	131
دارالافتاء کے حامل مدارس کا تعارف اور دارالافتاء کے مفتیان کا تعارف، فتاوی کا اسلوب، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	جنوبی پنجاب میں اہل سنت کے دارالافتاء اور ان کے موجودہ مفتیان کا تعارف	132
مسلمانوں کی علمی اور دینی ضروریات کی تکمیل کا بنیادی ذریعہ، مدارس اسلام کے قلعے، تحقیقی جائزہ، اشاعت اسلام اور جنوبی پنجاب کے مدارس، تحقیقی اور تنقیدی جائزہ، پانچ معروف درسگاہوں کا تعارف، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث	جنوبی پنجاب کی پانچ بڑی دینی درسگاہوں کی دینی اور ملی خدمات کا تحقیقی جائزہ	133

التحقیق والتخریج والتراجم ومایتعلق بہما

کسی غیر محقق کی تحقیق یا غیر محقق مطبوع کی تحقیق (انتخاب سے پہلے منظوری لی جائے، بصورت دیگر پہلے سے محقق / مخرج ہونے کی صورت میں مقالہ نگار کی محنت رائیگاں جانے کا خدشہ ہے۔)	التحقیق والتخریج	134

ہدایات وضوابط برائے تحقیقی مقالات

امتحانی قواعد وضوابط:

- ❖ تحقیقی مقالات لکھوانے کا مقصد ''تصنیف وتالیف'' کی خوابیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، تحقیق وتخریج اور استنباط کی بہتر تربیت دینا اور حوصلہ افزائی کرنا ہے، لہٰذا مقالہ نگاران کی راہنمائی اور تحقیق وتالیف کو کماحقہ مفید بنانے کیلئے مدارس کے منتظمین سے گذارش ہے کہ:
  - i. ''ہر مقالہ نگار کیلئے تحقیق وتصنیف کا ملکہ رکھنے والے استاذ کا ہی بطورِ ''مُشْرِف''(Supervisor) تقرر فرمائیں۔''
  - ii. ایک مشرف کے زیرِ نگرانی مقالہ نگران کی تعداد کم از کم ہونی چاہیے تاہم اگر کسی ادارے میں امیدواران کی تعداد کثیر ہو تو ایک مشرف زیادہ سے زیادہ آٹھ مقالات کی نگرانی کر سکتا ہے۔ اس سے زیادہ کی اجازت نہ ہے۔
  - iii. مقالہ نگار جس ادارے میں زیرِ تعلیم ہے مشرف(Supervisor) کا اسی ادارے سے ہونا ضروری نہیں بلکہ امیدوار اپنے جامعہ کے سربراہ کی اجازت سے کسی اور ادارے کے استاذ کو بھی اپنا مشرف بنا سکتا ہے۔
- ❖ مشرفین کرام اپنی اخلاقی و منصبی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے مسلسل راہنمائی فرمائیں اور اپنی نگرانی میں مقالہ تحریر کرائیں تاکہ مستقبل کی علمی و تحقیقی ضرورتوں کے اہل، رجالِ کار تیار ہو سکیں۔ سطحی اور نقل شدہ مقالہ ہونیکی وجہ سے امیدوار کی ناکامی مُشرف کیلئے سُبکی کا باعث ہو گی۔
- ❖ تنظیم المدارس کی جانب سے جاری کردہ عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مقالہ لکھنا ضروری ہے۔
- ❖ مقالہ صرف وہی امیدوار لکھیں گے جنہوں نے 2021ء میں عالمیہ سال اول کا امتحان پاس کر لیا ہو۔ نیز تاحال مقالہ نویسی صرف طلبہ کیلئے ہے طالبات کے نصاب میں مقالہ شامل نہیں۔
- ❖ ایک عنوان پر ادارے کا صرف ایک امیدوار مقالہ لکھنے کا مُجاز ہو گا، البتہ اگر عنوانات کی تعداد سے امیدواروں کی تعداد زیادہ ہو تو ایک عنوان پر دو یا تین طلبہ مقالہ لکھ سکتے ہیں۔ تاہم ادارہ کے ''ناظم تعلیمات'' کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا اہتمام کریں کہ ہر امیدوار از خود محنت و تحقیق کر کے مواد مرتب کرے، تاکہ نقل و سرقہ کا امکان نہ رہے۔ نقل شدہ مقالہ کالعدم شمار ہو گا، اور امیدوار ناکام قرار پائے گا۔
- ❖ مقالہ میں ناکام طلبہ کو ضمنی امتحان کے موقع پر دوبارہ مقالہ لکھنے کا موقع اس شرط پر دیا جائے گا کہ وہ ضمنی امتحان کے موقع پر باقاعدہ داخلہ فارم پُر کر کے امتحانی فیس جمع کرائیں۔ مجموعی طور پر چار چانسز (سالانہ + ضمنی + سالانہ + ضمنی) تک مقالہ کی تکمیل لازم ہے۔

منظوری وطریقہ ترسیل:

- ❖ رجسٹریشن کیلئے سربراہ ادارہ کے دستخطوں سے ادارہ کے لیٹر پیڈ پر مقالہ نگاران کی فہرست (نام امیدوار، عالمیہ سال اول کا رول نمبر، منتخب عنوان، مشرف کا اسم گرامی) ۲۷ رجب المرجب ۱۴۴۳ھ تک شعبہ امتحانات کو ارسال کرنا ضروری ہے۔
- ❖ ۲۷ رجب المرجب ۱۴۴۳ھ سے قبل تمام مقالات مرتب و مجلد کر کے شعبہ امتحانات مرکزی دفتر لاہور میں پہنچنا ضروری ہیں۔
- ❖ ادارہ کے لیٹر پیڈ پر اسماء مقالہ نگاران و مشرفین اور عناوینِ مقالات کی فہرست، مہتمم / شیخ الحدیث کی مہر و دستخطوں کے ساتھ 15 ستمبر 2021ء سے پہلے ارسال کی جائے۔
- ❖ مقالات اجتماعی طور پر ارسال کئے جائیں، انفرادی طور پر ارسال کیے گئے مقالات گم ہونے کی صورت میں شعبہ امتحانات ذمہ دار نہ ہو گا۔
- ❖ جس مقالہ پر امیدوار کا نام، عالمیہ سال اول کا رول نمبر اور پتہ صحیح طور پر درج نہ ہوا، وہ کالعدم متصور ہو گا۔
- ❖ تحقیقی مقالہ کی اصل کاپی جلد کر کے بھجوائیں۔ فوٹو کاپی قابل قبول نہ ہو گی۔ البتہ اپنے ریکارڈ کیلئے فوٹو کاپی بنوا کر محفوظ کر لیں نیز نقل و اصل کی پہچان کے لیے رف عمل (قلمی نسخہ ترجیحاً)، قلم سے نظر ثانی شدہ کاپی لازماً محفوظ رکھیں۔ شعبہ امتحانات کسی بھی وقت ثبوت کے طور پر یہ چیزیں طلب کر سکتا ہے۔

ہدایات برائے تحریر و تحقیق:

- ❖ مقدمہ، ابواب و فصول، خلاصہ بحث، سفارشات، نتائج، اشاریہ، اور آیات، احادیث، شخصیات، اعلام اور اماکن کی فہارس کا اہتمام کریں۔
- ❖ مقالہ کم از کم 50 صفحات فل سکیپ (8.6x11.6) پر مشتمل ہو اور کاغذ کی ایک طرف لکھا جائے۔

- ❖ مقالہ کی تفصیلات اور مباحث تجزیاتی اور نتیجہ خیز ہونے چاہئیں، اندازِ تحریر علمی و تحقیقی ہونا چاہیے۔
- ❖ مقالہ میں موجود تمام آیاتِ مبارکہ قرآنی رسم الخط میں تحریر ہوں اور ان پر اعراب کا بطور خاص اہتمام کیا جائے۔
- ❖ مقالہ بنیادی مصادر پر مشتمل ہونا چاہئے اور تحقیق و تصنیف سے متعلق قواعد وضوابط کا مقالے میں اطلاق و اظہار ہونا ضروری ہے۔
- ❖ مقالہ کی تکمیل پر اپنی تحریر کو بار بار پڑھا جائے تاکہ غلطی کی گنجائش نہ رہے۔ کمپوزنگ کی غلطیوں پر نمبر کم ہو جاتے ہیں۔
- ❖ مقالہ کمپوز شدہ ہونا ضروری ہے۔ تاہم کسی ماہر کاتب کا تحریر شدہ قلمی نسخہ بھی قابل قبول ہو گا۔ البتہ جلد کا مضبوط ہونا لازمی ہے۔

کمپوزنگ کے متعلق ہدایات

i. اعلیٰ تعلیم میں مقالہ جات کی تفویض کا مقصد طالب علموں میں تحقیقی شعور بیدار کرنا اور تجزیاتی و تنقیدی صلاحیتوں کی جلا بخشنا ہے۔ ان مقاصد کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ محقق طے شدہ اصول وضوابط کی روشنی میں ہی اپنی تحقیقات مرتب کرے۔ لہٰذا تحقیقی مقالہ جات لکھنے والے ان ہدایات کو مدنظر رکھیں۔

ii. مقالہ متوازن طور پر ابواب و فصول میں منقسم ہو نیز ہر باب کا نام، باب کے شروع میں علیحدہ صفحہ پر لکھیں۔ اور اس پر صفحہ نمبر لکھا اور شمار نہ کیا جائے۔

iii. کاغذ کا سائز 8.6x11.6 انچ (A4)، جلد بندی کی طرف سے حاشیہ 1.25 انچ اور دوسری جانب کا 0.75 انچ ہو۔ اوپر کا حاشیہ ایک انچ کا اور نیچے کا 0.75 انچ ہو۔ ہر صفحے پر نمبر درمیان میں اوپر کی طرف لکھا جائے۔

iv. حوالہ جات و حواشی سمیت فی صفحہ سطور کی تعداد 26-24 ہونی چاہیے۔ مختلف عنوانات کا سائز درج ذیل ہے ٹائٹل چوبیس فانٹ (pt24) ابواب کے عنوانات بائیس فانٹ (pt22)، فصول بیس فانٹ (pt20)، مباحث 18 فانٹ (pt18)، ذیلی عنوانات 16 بولڈ فانٹ (pt16)، تحریر کا سائز اصل متن پندرہ فانٹ (pt15) اور حاشیہ تیرہ فانٹ (pt13) پر مشتمل ہونا چاہیے۔

v. مقالہ کا سرورق درج ذیل ترتیب سے تیار کیا جائے:

مقالہ کے سرورق پر عنوان مقالہ جلی حروف میں اسکے نیچے قوسین میں مقالہ برائے شہادۃ العالمیہ/تخصص فی الفقہ، نیچے دائیں جانب مقالہ نگار کا نام اور بائیں جانب نگران مقالہ کا نام بمعہ عہدہ اور سب سے نیچے شعبہ امتحانات **شہادۃ العالمیہ/تخصص فی الفقہ** تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان سیشن / سال تحریر کیا جائے، صفحہ کے درمیان میں تنظیم المدارس کا مونوگرام ہونا چاہیے۔

vi. مقالہ کے انتساب سے پہلے نگران مقالہ کا سفارشی مراسلہ (Recommendation Letter) اور اس بات کا حلف (Declaration) کہ یہ کام اصلی اور سرقہ سے مبرا ہے، لگایا جائے گا۔

vii. شہادۃ العالمیہ/ تخصص فی الفقہ کے مقالہ جات کی جلد کے پہلے صفحہ پر ان تمام چیزوں کا اندراج اسی ترتیب سے ہو گا جیسے ہدایات میں لکھا گیا ہے مقالہ کی جلد کا رنگ گہرا میرون ہو۔ پشتے پر مقالہ کا عنوان مقالہ نگار کا نام، سال / سیشن درج ہو گا۔

❖ مقالہ کی ترتیب و محتویات:

1:- عنوان / ٹائیٹل   2: تسمیہ و تحمید   3: مُشرِف کی تصدیق و دستخط   4: انتساب
5: مقدمہ /دیباچہ   6: فہرست موضوعات   7: صلب موضوع و ابحاث   8: ضمیمہ و اشاریہ (اگر ہو)
9: خلاصہ بحث و نتائج   10: فہارس (آیات و احادیث وغیرہ)   11: مصادر و مراجع (ترتیب میں فنون/ تہجی کا لحاظ رکھیں)

❖ مقدمہ و دیباچہ: اختصار و جامعیت سے کام لیا جائے، عنوان کے انتخاب کی وجوہ ترجیح اور مقالے کا سرسری جائزہ درج ہو۔

❖ ابواب و فصول:

1. ہر باب متوازن فصول پر مشتمل ہو اور تمام ابواب کی فصول حجم و ضخامت میں مناسب و موزوں ہوں۔
2. جدید طرز تصنیف اپناتے ہوئے ہر باب کے آغاز میں پہلے ایک صفحہ پر جلی قلم سے باب کا نام لکھا جائے اور ذیل میں اس باب کے اہم عنوانات درج کئے جائیں۔ صفحہ کی عقبی جانب خالی چھوڑ دی جائے، اور اگلے صفحہ (سامنے / بائیں جانب والے) سے تحریر کا آغاز کیا جائے۔

3. ذیلی عناوین "بغلی سرخی" کے طور پر دائیں جانب جلی قلم سے لکھیں۔
4. تحریر میں پیرا بندی اور رموز کتابت وعلامات وقف (،۔؟""!...)وغیرہ کا لحاظ رکھا جائے۔
5. اختتام پر اپنے اخذ کردہ نتائج اور اگر رائے میں "تفرد" ہو تو اس کا نمایاں اظہار ہو۔

❖ حوالہ جات اور حواشی:

1. حوالہ جات، حواشی ہر صفحے کے نیچے دیئے جائیں، یا مسلسل نمبروں کی صورت میں باب، فصل، مقالہ کے آخر میں نمبر وار مصادر و مراجع و حوالہ کا ذکر کریں۔ اقتباس کو واوین ("") کے درمیان لکھیں۔
2. متن میں موجود ابہام کی وضاحت حاشیہ میں کی جائے۔ یا قوس خاص [......] (......) لگا کر اس کے درمیان لکھا جائے۔
3. حوالہ دیتے وقت پہلی جگہ مکمل حوالہ لکھا جائے۔ تقریباً تمام کتب حدیث مخرّج و محقّق دستیاب ہیں اس لئے حوالہ میں رقم الحدیث، جلد و صفحہ، مطبع و سن طباعت درج کریں۔ باب و فصل کا تذکرہ بھی کر دیا جائے تاکہ متعلقہ طبع دستیاب نہ ہونے کی صورت میں بھی اصل تک رسائی ممکن ہو سکے۔ یاد رہے حوالہ لکھتے وقت بہت احتیاط کریں کہ ممتحن آپ کے لکھے حوالہ جات کو چیک کریں گے۔ بے احتیاطی یا غلط حوالہ جات لکھنے کی صورت میں دیانت علمی کے خلاف ہونے کیساتھ ساتھ آپ امتحان میں ناکام قرار پائیں گے۔
4. آیات قرآنیہ میں سورۃ کا نام، نمبر، اس کے بعد آیت نمبر لکھیں۔ مثلاً: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۱۴ کو یوں لکھیں: (البقرہ ۲:۱۴)
5. مصنفین کے اسماء حروف تہجی کی ترتیب یا سنین ولادت، وفات کی ترتیب سے ہوں۔

فہارس: فہارس کے باقاعدہ نمبر مخصوص کئے گئے ہیں لہٰذا اپنی کاوش کو مزید بہتر بناتے ہوئے موضوعات و عناوین، آیات و احادیث، اشاریہ، اسماء واماکن، مصادر و مراجع کی فہارس، ٹیبل بنائیں۔ ان تمام فہارس میں ترتیب (ہجائی، زمانی، مکانی) کا خاص خیال رکھیں۔

CD / فلاپی بیک اَپ: اپنے تحقیقی مواد کو کمپیوٹر پر کمپوز کروائیں اور درج ذیل ہدایات کا خاص خیال رکھیں۔

i. اپنے تحقیقی مواد کو ضائع ہونے اور انتحال و سرقہ علمی سے محفوظ رکھیں۔ بعض لوگ اس کمپوز شدہ مواد کا اپنے نام سے پرنٹ نکلوا لیتے ہیں، جس سے اصل امیدوار پر بھی نقل کرنے کا الزام آجاتا ہے، لہٰذا اپنے اصل تحقیقی مواد اور، رف عمل کو محفوظ رکھیں تاکہ بوقت ضرورت بطور ثبوت پیش کیا جا سکے۔
ii. تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کے پلیٹ فارم سے یہ کوشش کی جائیگی کہ جدید تحقیقات پر مشتمل مواد کو مرتب کر کے شائع کیا جائے، لہٰذا کمپوز شدہ مواد کی **Backup** سی ڈی ہمراہ ارسال کریں۔
iii. تحقیقی مقالہ تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کی اعلیٰ ڈگری کے حصول کیلئے لکھوایا جاتا ہے جو تنظیم المدارس کا علمی اثاثہ شمار ہوتا ہے لہٰذا اگر اپنی تحقیقات کو شائع کرنا مقصود ہو تو اس کی اشاعت سے قبل تحریری اجازت نامہ حاصل کرنا ضروری ہے۔

نوٹ: جناب ناظم اعلیٰ / مہتمم صاحب! زید مجدہٗ

یہ ہدایت نامہ اور فہرست مقالات اپنے مدرسہ کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کروادیں۔ نیز ایک ایک کاپی مقالہ نگاروں کو بھی دے دیں۔

عزیز طلبہ کرام!

☆ متعدد علمی عناوین کا تعین کر دیا گیا ہے ، بعض مشکل اور تحقیقی عنوانات ہیں اور بعض آسان ، کچھ عصری مضمون نویسی جیسے موضوعات اور وافر مواد سے متعلق ہیں۔ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے خوب محنت سے ریسرچ ورک کیا جائے۔ تاکہ مستقبل میں اگر اس مقالہ کو طباعتی واشاعتی مرحلہ سے گذارنا مقصود ہو تو یہ مقالہ ہر لحاظ سے اس معیار پر پورا اترتا ہو۔

☆ اساتذہ و مشرفین عظام سے التماس ہے کہ موضوع و عنوان کے انتخاب میں طالب علم کے میلان طبعی اور استعداد کا لحاظ کرتے ہوئے چناؤ کرائیں۔ ذی استعداد طلبہ کو آسان کی بجائے مشکل اور علمی کام پر آمادہ کریں، تاکہ (ان مع العسر یسرا) کا عملی نمونہ سامنے آئے۔ اپنے عزیزوں کو تصنیف و تالیف کے میدان کا شہسوار بنانے کے لیے پوری توجہ مرحمت فرمائیں۔ اور موضوع کے مالہ اور ما علیہ میں سے کوئی پہلو تشنہ نہ رہنے دیں۔

☆ مقالات کے عناوین بارے راہنمائی درج ذیل اساتذہ کرام و محققین عظام سے حاصل کی جاسکتی ہے، مگر یاد رہے سائل و طالب بن کر اپنی مراد حاصل کرنے کے جذبے سے مناسب و موزوں وقت پہ فون کیجیے اور فرصت بارے پہلے پوچھ لیجیے۔

نمبر شمار	اسماء گرامی	رابطہ نمبرز
1	مفتی محمد عابد نسیم، گوجرہ	0300-3595565
2	حافظ محمد اسحاق ظفر، ناظم تعلیمات جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی	0321-5178672
3	پروفیسر عون محمد سعیدی، بہاولپور	0300-6818565
4	ڈاکٹر محمد کلیم، رحیم یار خان	0306-7318019
5	مفتی خلیل احمد قادری، لاہور	0300-8806267
6	مفتی محمد کاشف فریدی، ملتان	0305-5261588
7	مفتی اعجاز احمد، فیصل آباد	0300-7267103
8	مولانا رفاقت جلالی، اسلام آباد	0300-7565116
9	مفتی محمد زمان سعیدی، فیصل آباد	0306-5832859
10	مولانا محمد امتیاز حقانی، چنیوٹ	0346-5912691

☆ کچھ تفصیلات اور تحریر مقالہ کے لیے رہنمائی تنظیم المدارس کے فیس بک پیج پہ دے دی گئی ہے ۔ درج ذیل لنک سے آپ حاصل کر سکتے ہیں :
https://www.facebook.com/tanzeemulmadarispk

☆ عنوانات، موضوعات کی ترکیب الفاظ میں ایسی تبدیلی، جس سے عنوان مزید وقیع ہو جائے، لیکن "صلب موضوع" میں کوئی کمی نہ ہو، کی اجازت ہے۔

☆ آخری عنوان پر لکھنے کے لئے ایک ہی ادارے سے کئی طالب علم بھی ہوسکتے ہیں مگر کتاب (مخطوط) کا الگ ہونا ضروری ہے۔ البتہ حجم میں بڑی کتاب ہونے کی صورت میں ایک سے زائد طالب علم بھی شریک ہوسکتے ہیں، تاہم متعدد شرکاء کی صورت میں ہر ایک کے حصے میں کم و بیش پچاس تا ساٹھ صفحاتِ تحقیق ہونے چاہئیں۔

☆ خیال رہے کہ تحقیق کیلئے ایسی کتاب (مخطوط) کا انتخاب کریں جس پر پہلے کام نہ ہوا ہو، اس سلسلہ میں شعبہ تحقیق و تصنیف تنظیم المدارس سے تحریری طور پر تصدیق حاصل کرلیں۔

☆ نتیجہ از ممتحن، مندرجہ بالا پروفارمہ کاپی کر کے امیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

والسلام مع الاکرام

آپ کے درخشندہ مستقبل کا خواہاں

محمد عبد المصطفیٰ ہزاروی (ناظم اعلیٰ)

10 اگست، 2021ء / یکم محرم الحرام، ۱۴۴۳ھ